## لوکل گورنمنٹ کے مالی مسائل حل کرنے کیلئے کوشاں رہیں گے، وزیرخزانہ

**بلدیات کے منتخب نمائندوں کو اختیارات نچلی سطح تک منتقلی کے حق میں ہوں، شعیب نوشیروانی کا اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) چیرمین لوکل کونسلز فنانس کمیشن صوبائی وزیرخزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی کو چیرمین صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ حمزہ زہری کے زیر صدارت لوکل کونسلز فنانس کمیشن کا دوسرا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکریٹری لوکل گورنمنٹ عبدالروف بلوچ، اسپیشل سیکریٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ اور لوکل گورنمنٹ کے آفیسران اور لوکل کونسلز کے نمائندے بھی شریک تھے۔ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ لوکل گورنمنٹ کے مالی مسائل دستیاب وسائل میں حل کرنے کے لیے کوشاں رہیں گے صوبے میں ڈسٹرکٹ و یونین کونسلز کی اختیارات اور مضبوطی کے لیے ہماری حکومت تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر لوگوں کے مسائل لوکل سطح پر ان کے دہلیز پر حل کرنے کے لیے کوشاں رہیگی اس موقع پر صوبائی وزیرخزانہ نے کہا کہ میں بذات خود بلدیات کے منتخب نمائندوں کو اختیارات نچلی سطح تک منتقلی کے حق میں ہوں کیونکہ لوکل لیول پر بلدیاتی نمائندے چیرمین و کونسلرز اپنے ضلعوں میں اچھی طرح کام کر سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ بلدیاتی اداروں، میٹرو پولیٹن و میونسپل کو مشینری خریدنے کے لیے فنڈ کی فراہمی ضروری ہے کیونکہ یہ مشینری ہمارے اور ہر ضلعے کی اثاثہ جات ہیں بلدیاتی اداروں کو فنڈ کی فراہمی وضع شدہ فارمولے کے تحت ہورہی ہے۔

## شہداء کے خون کا ہر قطرہ وطن کی سلامتی کا ضامن بنے گا، سردار کھیتران

**دشمن کی بزدلانہ کارروائیوں سے حوصلے پست نہیں ہونگے، صوبائی وزیر کی شابان واقعہ کی مذمت**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے شابان پولیس چوکی پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی مذمت کی ہے۔ انہوں نے اس بزدلانہ کارروائی کو دشمن کی ناکام کوشش قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے اوچھے ہتھکنڈے ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتے۔ قوم اور سیکورٹی فورسز دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ صوبائی وزیر نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ ان عظیم قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا اور ان کے خون کا ہر قطرہ وطن کی سلامتی واستحکام کی ضمانت بنے گا۔ سردار کھیتران نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

## دہشت گرد حملوں سے فورسز کے حوصلے پست نہیں کر سکتے، سلیم کھوسہ

کوئٹہ (خ ن) مسلم لیگ ن کے پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے شعبان میں پولیس چیک پوسٹ پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد بزدلانہ حملوں سے سیکورٹی فورسز کے حوصلے پست نہیں کر سکتے فورسز کے بہادر جوان سیسہ پلائی دیوار کی مانند اپنی مٹی کے دفاع کیلئے کھڑے ہیں۔

## حب میں جاری ترقیاتی منصوبے مخالفین کو ہضم نہیں ہو رہے، علی حسن

**عوام کے حقوق کا تحفظ اور حب کو ماڈل ضلع بنائینگے، صوبائی وزیر کی وفود سے گفتگو**

حب (پ ر) صوبائی وزیر برائے زراعت و کوآپریٹو میر علی حسن زہری نے حب میں مختلف عمائدین اور کارکنوں سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کہا کہ چند عوام دشمن عناصر نہیں چاہتے کہ ضلع حب ترقی کرے۔ حب کے لئے ہمارے ترقیاتی منصوبے عوام دشمن عناصر کو ہضم نہیں ہو رہے اور مختلف ہتھکنڈوں اور منفی پروپیگنڈوں کا سہارا لے کر عوام میں انتشار پھیلانے کی کوشش کی جاتی رہتی ہے۔ ان سازشوں کو پہلے بھی عوام کی طاقت سے ناکام بنایا ہے اور آئندہ بھی ایسے منفی ہتھکنڈوں کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کسی کو ذاتی مفادات کے حصول کے لئے عوام دشمنی نہیں کرنے دی جائے گی۔ عوام کے حقوق کا مکمل تحفظ کریں گے اور شدید مخالفت اور سازشوں کے باوجود حب کو ماڈل ضلع بنا کر دم لیں گے۔ میر علی حسن زہری نے مزید کہا کہ ہم عوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ میدان میں آئے ہیں اور ہماری سیاست کا محور برسوں سے ظلم کی چکی میں پسے عوام کو ہر ممکن وسائل کی فراہمی اور ان کو درپیش مسائل کا فوری حل ہے، صدر آصف علی زرداری کی واضح ہدایات کی روشنی میں ضلع حب اور گردونواح سمیت پورے بلوچستان کی ترقی وخوشحالی اولین ترجیح ہے۔

## بی اجتماع کے موقع پر سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کیے جائیں، کوہیار ڈومکی

**تمام محکمے اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کریں، خواہش ہے اختتامی دعا میں شرکت کروں، صوبائی وزیر**

بی (نامہ نگار) صوبائی وزیر سردار کوہیار ڈومکی نے بی تبلیغی اجتماع کے حوالے سے بی انتظامیہ اور بی پولیس کو ہدایت جاری کی ہیں کہ اجتماع کو مکمل سیکورٹی فراہم کی جائے، پورے ملک سے لاکھوں فرزندان توحید تبلیغی اجتماع میں شریک ہوتے ہیں جس کی میزبانی کا شرف میرے انتخابی حلقہ ضلع بی کو حاصل ہے، یہ تبلیغی اجتماع 20 فروری سے بعد نماز عصر شروع ہو چکا ہے جو 23 فروری نو بجے صبح اجتماعی دعا پر اختتام پذیر ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ دنیا و آخرت کی بھلائی نیک اور صالح اعمال کی بدولت ہوگی اور اس اجتماع کا پیغام بھی فقط انسانیت سے محبت اور حقوق العباد کی تلقین اور فرائض کی بجا آوری ہے۔ بی انتظامیہ پولیس محکمہ صحت اور میونسپل کمیٹی اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کریں میری دلی خواہش ہے کہ میں اس پروقار تبلیغی اجتماع کی اختتامی دعا میں شرکت کروں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 22 FEB 2025

Page No. 15


## قیام امن اور فلاح و بہبود کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، آئی جی ایف سی

**میجر جنرل عابد مظہر کی کوہلو میں قبائلی عمائدین سے گفتگو، معتبرین نے مسائل سے آگاہ کیا**

کوہلو (نامہ نگار) انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور نارتھ میجر جنرل عابد مظہر نے کہا ہے کہ سیکورٹی فورسز عوام کی فلاح و بہبود اور امن کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہیں علاقے میں قیام امن، ترقیاتی منصوبوں اور مسائل کے حل کے لیے فورسز اور مقامی قیادت کے درمیان رابطے مزید مضبوط کیے جائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوہلو میں قبائلی عمائدین سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا عمائدین نے امن و ترقی کے حوالے سے اپنے خیالات اور درپیش چیلنجز سے آئی جی ایف سی کو آگاہ کیا اور فورسز کی خدمات کو سراہتے ہوئے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی یہ دورہ مقامی سطح پر نہ صرف علاقے میں ترقی و امن کے عزم کی تجدید ہوگا بلکہ قبائلی عمائدین اور سیکورٹی فورسز کے درمیان اعتماد سازی کے عمل کو بھی مزید مستحکم کرنے میں اہم ثابت ہوگا۔ آئی جی ایف سی نے سیکورٹی کا جائزہ بھی لیا اور معذور افراد میں راشن بھی تقسیم کیا۔

## بی ایم سی: پانچ سال کے دوران 4 ارب روپے سے زائد کی مالی بے ضابطگیاں

**ہسپتال نے 38 کروڑ 22 لاکھ 6 ہزار روپے کے اخراجات کا ریکارڈ پیش نہیں کیا**

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے بولان میڈیکل کمپلکس اسپتال میں پانچ مالی سالوں کے دوران 4 ارب روپے سے زائد کی مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے، بے ضابطگیاں ادویات کی خریداری، ٹھیکوں، ٹیکسز سمیت دیگر مد میں کی گئیں۔ آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی جانب سے بولان میڈیکل کمپلکس ہسپتال کوئٹہ کا مالی سال 2017-18 سے لیکر 2021-22 تک کا خصوصی آڈٹ کیا گیا ہے جس کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ہسپتال میں پانچ مالی سالوں کے دوران 4 ارب 45 کروڑ 77 لاکھ 24 ہزار روپے کی مالی بے ضابطگیاں ہوئی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ہسپتال کی جانب سے 38 کروڑ 22 لاکھ 6 ہزار روپے کے اخراجات کا ریکارڈ پیش نہیں کیا گیا، یوزر چارجز کی مد میں 5 کروڑ روپے سے زائد رقم سرکاری خزانے میں کم جمع کروائی گئی، 1 کروڑ 62 لاکھ روپے سے زائد کے ہسپتال میں واقعہ مختلف مقامات کے کرائے جمع نہیں کروائے گئے۔ رپورٹ کے مطابق ایکسرے کی مد میں وصول ہونے والی رقم میں سے سرکاری خزانے میں 88 لاکھ 94 ہزار روپے زائد رقم کم جمع کروائی گئی جبکہ 55 لاکھ روپے کے بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز کی بھی کٹوتی نہیں کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق پوسٹ گریجویٹس کو ادا کیے گئے اعزازیے اور اسکالرشپ کی مد میں 1 ارب 16 کروڑ 91 لاکھ 8 ہزار روپے سے زائد کی بے قاعدگیاں سامنے آئی ہیں۔ پانچ سالوں کے دوران ہسپتال میں میڈیکل گیسز کی خریداری کی مد میں 2 کروڑ 38 لاکھ روپے زائد کے غیر ضروری اخراجات کیے گئے۔ رپورٹ کے مطابق بی ایم سی میں فنڈز کی ریلیز کے بغیر 38 کروڑ 84 لاکھ 84 ہزار روپے سے زائد کی مالی بے ضابطگیاں پائی گئی ہیں ساتھ ہی کتے کے کاٹنے سے بچاؤ کی ویکسین کی 3 کروڑ 51 لاکھ روپے سے زائد کی مہنگے داموں خریداری بھی کی گئی۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق مقامی سطح پر ادویات کی خریداری میں 95 لاکھ 35 ہزار روپے سے زائد کی مالی بے ضابطگیاں پائی گئی ہیں جبکہ مختلف کمپنیوں کی جانب سے 5 کروڑ 38 لاکھ 66 ہزار روپے کی ادویات ہسپتال کو فراہم ہی نہیں کی گئیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ دو سالوں میں ہسپتال میں بغیر مجاز اتھارٹی کی اجازت اور ٹینڈر کیے گئے 7 کروڑ 95 لاکھ 89 ہزار روپے کی ادویات خریدی گئیں جبکہ ادویات کی فراہمی میں 28 کروڑ 13 لاکھ 71 ہزار روپے کی مزید بے ضابطگیاں بھی پائی گئی ہیں۔

## بلوچستان صوبائی اسمبلی

## کا اجلاس 27 فروری کو طلب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گورنر بلوچستان شیخ جعفر مندوخیل نے آئین کے آرٹیکل 109 (اے) کے تحت بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعرات 27 فروری کو سہ پہر تین بجے طلب کیا ہے اجلاس کے دوران تمام محکموں کے افسران و اہلکاران، پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا کے نمائندوں اور تمام وزیٹرز کا اسمبلی سیکرٹریٹ میں داخلہ بذریعہ کارڈ ہوگا جبکہ تمام سرکاری و غیر سرکاری مسلح سیکورٹی گارڈز کا اسمبلی اجلاس کے دوران اسمبلی سیکرٹریٹ میں داخلہ ممنوع ہوگا۔

## ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاری لانے کی کوشش کر رہے ہیں، بلال کاکڑ

**وزیر اعلیٰ کاروباری ماحول بہتر بنانے کیلئے انتہائی متحرک ہیں، کراچی میں گفتگو**

کراچی (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز (ایف پی سی سی آئی) کے دفتر کا دورہ کیا اور سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر علاؤالدین مری اور ایف پی سی سی آئی کے چیئرمین ایڈوائزری کمیٹی میاں زاہد حسین سے بلوچستان میں کاروباری اور سرمایہ کاری کے مواقعوں پر بات چیت کی بلال خان کاکڑ نے کہا کہ ہمارا مقصد ہے کہ کاروباری حضرات اور سرمایہ کاروں کیلئے ابتدائی رکاوٹوں کو دور کر کے کاروباری سرگرمیوں میں آسانی پیدا کرنا اور پروجیکٹ کی پیشگی منصوبہ بندی سے لیکر رسک مینجمنٹ تک خدمات فراہم کر کے پائیدار ترقیاتی ماڈل پر آسانی سے عملدرآمد کیلئے قانون و ضوابط کی تکمیل یقینی بنانا ہے تاکہ صوبے میں سرمایہ کاری کے ماحول میں مستقل بہتری لائی جا سکے انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سرمایہ کاری لانے کیلئے انتہائی متحرک اور پرعزم ہیں اس ضمن میں حکومت نے خصوصی مراعات کا بھی اعلان کیا ہے، مختلف دوست ممالک کے سفارتکاروں، غیر ملکی کمپنیوں، ملک بھر کے چیمبرز آف کامرس، صنعتکاروں اور بزنس لیڈرز کو بلوچستان میں سرمایہ کاری پر راغب کرنے کیلئے رابطے کر رہا ہے اور اس سلسلے میں ہمیں بہت سی کامیابیاں حاصل ہو رہی ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 22 FEB 2025 Page No. 16


# بلوچستان میں دہشتگردی کی عفریت کو جڑ سے ختم کرینگے، میجر جنرل عابد اطہر

**مختلف علاقوں کے غریب شہری یہاں مزدوری کیلئے آئے دہشت گرد تنظیم نے انہیں بڑی بے دردی سے شہید کردیا**

**سیکیورٹی فورسز عوام کی فلاح و بہبود اور علاقے میں امن کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہیں، آئی جی ایف سی ساؤتھ**

**کمانڈنٹ میوند بریگیڈ کرنل بابر خلیل کے ہمراہ سول و عسکری حکام اور قبائلی عمائدین سے ملاقاتیں، کھلی کچہری کا انعقاد**

بارکھان (نامہ نگار) آئی جی ایف سی بلوچستان عابد اطہر آج ایک روزہ دورہ پر بارکھان پہنچے تو کوہلو اور بارکھان کے علاقائی عمائدین۔سیاسی وسماجی رہنماؤں سرکاری......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

آفیسران نے انکا بھرپور استقبال کیا۔علاقائی عمائدین نے انہیں بلوچی پگڑی، واسکٹ اور چھتری پیش کی۔اس موقع پر کمانڈنٹ بابر خلیل۔ونگ کمانڈنٹ کرنل جہانزیب۔ڈپٹی کمشنر وقار خورشید عالم ودیگر آفیسران ہمراہ تھے، آئی ایف سی نے خطاب کرتے ہوئے تمام معتبرین کا شکریہ ادا کیا۔اور کہا کہ وہ جب بھی کوہلو اور بارکھان آئے ہیں انہیں اس علاقے اور عوام سے محبت ہے۔یہاں کی غیور اور پرامن عوام فورسز کے ساتھ مل کے کھڑی ہوتی ہے۔اور فرنٹیئر کور اس رشتے کو مضبوط کرتی ہے۔عوام کی خدمت کے ساتھ گورنمنٹ آف بلوچستان مل کر عوام کی خدمت خواہ وہ صحت کی صورت میں ہو یا تعلیم کی صورت میں بروقت موجود ہے۔بارکھان ایک پر امن علاقہ ہے یہاں کی عوام غیور اور پرامن ہے۔چند تخریب کار شرپسند عناصر اس علاقے کو بدنام کرنے کیلئے کوشاں ہیں۔

# سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو کی روڈ سیکٹر منصوبے منظور شدہ ٹائم لائن کے مطابق مکمل کرنے کی ہدایت

**بلوچستان سوشیو اکنامک ڈیولپمنٹ پراجیکٹس میں شامل روڈ سیکٹر منصوبوں پر پیش رفت کا دوسرا جائزہ اجلاس متعلقہ حکام نے شرکت کی**

**صوبے کے دور دراز اضلاع ان منصوبوں کی تکمیل سے خوشحالی کی جانب گامزن ہونگے، کسی بھی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی سیکرٹری مواصلات وتعمیرات لعل جان جعفر کی زیر صدارت بلوچستان سوشیو اکنامک ڈیولپمنٹ پراجیکٹس میں شامل روڈ سیکٹر منصوبوں پر پیش رفت کا دوسرا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں سیکرٹری مواصلات وتعمیرات لعل جان جعفر پراجیکٹ کوآرڈینیٹر بلوچستان سوشیو اکنامک ڈیولپمنٹ پراجیکٹس شہزاد حسن جعفر چیف انجینئر روڈز کوئٹہ زون فیض محسن چیف انجینئر روڈز خضدار زون اقبال کاسی، ٹیکنیکل ایڈوائزر مختیار احمد کاکڑ کے علاوہ ضلعی انجینئر آفیسران اور محکمہ کے دیگر حکام نے شرکت کی۔اجلاس میں روڈ سیکٹر کے تمام منصوبوں پر پیش رفت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو نے منصوبوں کو منظور شدہ ٹائم لائن کے مطابق مکمل کرنے کی ہدایت کی اجلاس کو صوبے میں جاری روڈ سیکٹر کے ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اس موقع پر سیکرٹری مواصلات نے کہا کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کو اپنے مالی سال کے اندر وقت مقررہ یا اس سے بھی پہلے مکمل کرنا محکمہ کی اولین ترجیح ہونی چاہئے انہوں نے کہا کہ صوبے کے دور دراز اور پسماندہ اضلاع میں ان منصوبوں کی تکمیل سے صوبے کے یہ پسماندہ علاقے ترقی اور خوشحالی کی جانب گامزن ہونگے اور ان علاقوں کا رابطہ شہروں سے ہوگا جسکا فائدہ ان علاقوں میں رہنے والے تمام طبقہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کو ملے گا سیکرٹری مواصلات وتعمیرات نے کہا کہ انفراسٹرکچر کی بہتری اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کی بدولت صوبے میں ترقی اور خوشحالی آئیگی، ہماری اولین ترجیح تمام متعلقہ انجینئر آفیسران اپنے اضلاع میں ترقیاتی منصوبوں کو اپنے وقت مقررہ وقت سے بھی پہلے مکمل کریں تاکہ صوبے کے دور افتادہ علاقوں کو ان منصوبوں کے ثمرات جلد از جلد میسر ہوں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 2

Dated: 22 FEB 2025 Page No. 17


## بلوچستان کے مختلف اضلاع میں بارش، نشیبی علاقے زیرآب

### کوئٹہ میں بارش کا سلسلہ وقفے وقفے سے جاری، قلات میں درجہ حرارت منفی 2 ریکارڈ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ سمیت صوبے کے مختلف علاقوں میں بارش سے نشیبی علاقے زیرآب آگئے، محکمہ موسمیات نے آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبے کے بیشتر علاقوں میں موسم ابر آلود اور سرد رہنے کی پیش گوئی کردی، جمعہ کے روز کوئٹہ میں صبح سے شروع ہونے والے بارش کا سلسلہ وقفے وقفے رات گئے تک جاری رہا۔ بارش کے باعث شہر جل (باقی صفحہ 5 نمبر 43)

(باقی صفحہ 5 نمبر 43)

تھل ہوگیا، سڑکوں اور گلیوں میں پانی بہنے سے شہریوں کو مشکلات رہی، خضدار، سوراب، قلات، مستونگ سمیت صوبے کے مختلف مقامات پر ہلکی بارش ہوئی چوبیس گھنٹوں کے دوران قلات میں کم سے کم درجہ حرارت منفی دو جبکہ کوئٹہ میں دو ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

## مختلف علاقوں میں تجاوزات کیخلاف آپریشن

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے انسداد تجاوزات سیل کا مسجد روڈ، ثوبل ماما روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن۔ شاپنگ سینٹر کے آس پاس قائم تجاوزات کو ہٹایا گیا اور راستہ واگزار کروایا گیا۔ مسجد روڈ، باچا خان چوک، کانسی روڈ، سبزی منڈی سمیت قندھاری بازار اور جناح روڈ پر بھی قائم تجاوزات کے خلاف کریک ڈاؤن کو یقینی بنایا جائے گا۔

## کور کمانڈر بلوچستان کا دورہ گوادر ایئرپورٹ سیکورٹی فورسز، فوجی جوانوں، نونہال طلبہ سے ملاقات

اسلام آباد (خالد محمود) کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان نے گوادر کا دورہ کیا گوادر، ایئرپورٹ سیکورٹی فورسز، پاک فوج کے جوانوں و افسران اور علاقے آکڑہ میں ننھے نونہال طلبہ کے ساتھ بات چیت کی اور ان کے ساتھ سب سے زیادہ وقت گزارا، آکڑہ آرمی ویلفیئر ہائی سکول کی بنیاد پاک فوج (باقی صفحہ 5 نمبر 62)

(باقی صفحہ 5 نمبر 62)

کی جانب سے 2019 میں رکھی گئی تھی، یہاں دور دراز سے بچے تعلیم حاصل کرنے آتے ہیں، کور کمانڈر کا کہنا تھا کہ پاک فوج علم و ہنر پروگرام کے تحت ان بچوں کو تعلیم و تدریس کے مواقع فراہم کرتی رہے گی۔

INTEKHAB QUETTA

## ٹیچنگ اسپتال تربت میڈیکل افسران کی بڑی تعداد خلاف ضابطہ ڈیپوٹیشن پر تعینات

تحقیقات کی جائے اور ان کے ڈیپوٹیشن کو منسوخ کرکے دوبارہ متعلقہ جگہ پر تعینات کیا جائے، ایم ایس اسپتال کی بریفنگ

### ڈیپوٹیشن کی مدت ختم ہونے والے ڈاکٹروں کی لسٹ مرتب کرکے انکو ارسال کی جائے، ڈی سی کیچ کی ہدایت

تربت (نمائندہ انتخاب) ڈپٹی کمشنر کیچ اسماعیل ابراہیم کی صدارت میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا ایک اہم اجلاس ڈی سی آفس تربت میں منعقد ہوا، اجلاس میں ڈپٹی ڈی ایچ او کیچ ڈاکٹر عزیز دشتی، ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال تربت ڈاکٹر عبدالوحید بلیدی، ڈپٹی چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل کیچ باہڈ جمیل دشتی، پی پی ایچ آئی کے ضلع کیچ کے ڈی ایس ایم ڈاکٹر منیر بلوچ سمیت دیگر متعلقہ اداروں کے اہلکار بھی اجلاس میں موجود تھے۔ اجلاس کے ابتداء میں ڈپٹی کمشنر کیچ نے متعلقہ محکموں کے آفیسرز سے فردا فردا حال احوال کرتے ہوئے ان کے آفس کے حوالے سے ان سے بریفنگ لی اور ان کے مسائل سنے، اس موقع پر ایم ایس بقیہ نمبر 28 صفحہ 5 پر

بقیہ نمبر 28 صفحہ 5 پر

ٹیچنگ ہسپتال تربت ڈاکٹر عبدالوحید بلیدی نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ ٹیچنگ ہسپتال تربت کے میڈیکل آفیسران کی ایک بڑی تعداد خلاف ضابطہ ڈیپوٹیشن پر ہیں لہٰذا انکے کے بارے میں تحقیقات کی جائے اور ان کے ڈیپوٹیشن کو منسوخ کرکے دوبارہ متعلقہ جگہ پر تعینات کیا جائے تاکہ ٹیچنگ ہسپتال تربت میں ڈاکٹروں کی کمی کو دور کیا جاسکے، انہوں نے ہسپتال کے صفائی ستھرائی اور دیگر مسائل سمیت موجودہ پی ایس ڈی پی میں ہسپتال کے بجٹ کے حوالے سے بھی بریفنگ دی، ایم ایس ڈاکٹر عبدالوحید بلیدی نے کہا کہ ہم جلد ہسپتال میں شکایتی سیل قائم کریں گے تاکہ ہسپتال کے مسائل کو بہتر طریقے سے حل کرنے میں مدد مل سکے، ڈپٹی ڈی ایچ او کیچ ڈاکٹر عزیز دشتی نے ضلع کیچ کے دور دراز علاقوں میں محکمہ صحت اور پی پی ایچ آئی کے اشتراک سے چلنے والے صحت کے شعبے سے وابستہ مختلف پروگراموں کے بارے میں ڈپٹی کمشنر کیچ کو بریفنگ دی، بعد ازاں محکمہ پاپولیشن ویلفیئر کے نمائندے نے اپنے محکمہ کے نئی بلڈنگ کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کیچ کو آگاہی دی، آخر میں ڈپٹی کمشنر کیچ نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کے اہلکاروں پر زور دیا کہ وہ اپنے شعبے میں نگرانی کے عمل کو سخت کریں اور اسٹاف کی حاضری کو یقینی بنائیں، انہوں نے ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال تربت پر زور دیا کہ ڈیپوٹیشن کی مدت ختم ہونے والے ڈاکٹروں کی لسٹ مرتب کرکے انکو ارسال کی جائے تاکہ واپس ڈیوٹی جوائن نہ کرنے والے ڈاکٹروں کی تنخواہوں کی بندش کے لیے محکمہ خزانہ کو آگاہ کیا جاسکے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 22 FEB 2025 Page No. 9


## کوئٹہ کے ساتھ ہمیشہ مضبوط تعلق رہا، بلوچستان کو ہمیشہ اولین ترجیح دی: مولانا فضل الرحمن

**والدہ کا سایہ اللہ کی بہت بڑی نعمت ہے، اور ان کی دعائیں اولاد کے لیے عظیم سرمایہ ہوتی ہیں، مولانا واسع سے گفتگو**

**بلوچستان سمیت ملک بھر کے کارکن استقامت اور تنظیمی کام کو مزید مضبوط کرنے کیلئے رابطے کریں، قائد جمعیت**

**صبر و استقامت کے ذریعے ہی انسان آزمائش پر پورا اتر سکتا ہے، فاتحہ خوانی کے بعد کارکنوں سے اظہار خیال**

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام پاکستان کے امیر مرکزیہ مولانا فضل الرحمن ایک روزہ دورے پر کوئٹہ پہنچے۔ ان کا یہ دورہ جمعیت علمائے اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع کی والدہ مرحومہ کے......

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

ایصال ثواب کے لیے تھا۔ قائد جمعیت نے ان کی رہائشگاہ سروے 144 پر جا کر مرحومہ کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی اور اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا۔ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن کے ہمراہ سینئر ایڈووکیٹ کامران مرتضیٰ بھی شریک تھے۔ کوئٹہ ایئرپورٹ پر جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی نائب امیر مولانا سردار ندیم موسیٰ خیل، مولانا نظر محمد حقانی، صوبائی ترجمان دلاور خان کاکڑ، صوبائی مجلس عاملہ کے اراکین، پارلیمانی اراکین میر یونس عزیز زہری، حاجی اصغر ترین، ضلعی کوئٹہ کے قائم مقام امیر حافظ حسین احمد شرودی ودیگر صوبائی اور ضلعی قائدین کے علاوہ کارکنان کی بڑی تعداد نے ان کا شاندار استقبال کیا۔ ایئرپورٹ پر استقبال کے بعد مولانا فضل الرحمن قافلے کی صورت میں مولانا عبدالواسع کی رہائشگاہ پہنچے، جہاں انہوں نے مولانا عبدالواسع سے ان کی والدہ کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ والدہ کی جدائی زندگی کا ایک ایسا صدمہ ہے، جسے الفاظ میں بیان کرنا ممکن نہیں،

## سرحدوں پر کاروبار کی بندش معاشی دہشتگردی کے مترادف ہے: مولانا ہدایت الرحمن

**حق دو بلوچستان مہم کے تحت کوئٹہ میں 1 لاکھ افراد جمع کر کے محرومی، مسائل، بدعنوانی اور حقوق کی فراہمی کی راہ ہموار کریں گے، امیر جماعت اسلامی**

**نفرت، تعصب، احساس محرومی ختم کرنا سیکورٹی فورسز و حکمرانوں کا فرض ہے، جماعت اسلامی سب کو متحد کرکے حقوق کا دفاع کرے گی، ایم پی اے**

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو انسان سمجھ کر حقوق دیے جائیں بلوچستان کے عوام کو پاکستانی نہ سمجھنا اور حقوق سے محروم رکھنا بہت بڑی ناکامی و نااہلی کی بنیادی وجوہات میں سے ہے زندہ انسانوں کو غائب کرنے کے بعد منظر عام پر لانے کے بجائے ان کی لاشیں پھینکنے سے مسائل، محرومی، نفرتوں میں اضافہ ہو رہا ہے ہمارے مسائل، حالات مجبور، علاقوں سے تا بلد نمائندے ہم پر زبردستی مسلط کیے گئے ہیں حق دو بلوچستان مہم کے تحت کوئٹہ میں ایک لاکھ افراد جمع......

بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

کر کے محرومی، مسائل، بدعنوانی، مشکلات سے نجات اور حقوق کی فراہمی کی راہ ہموار کریں گے حق دو بلوچستان مہم بلوچستان کی ہر علاقے ہر قوم ہر زبان کے لوگوں کا عوامی انقلابی تحریک ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر میں تقریب سے خطاب اور وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو تعلیم و حقوق دینا وقت کی اہم ضرورت ہے روزگار نہ ہونے کے باوجود بارڈر پر کاروبار بند کرنا معاشی دہشت گردی ہے بلوچستان میں محرومی، زیادتی، ظلم اور بدعنوانی کی وجہ سے ہر علاقے کے لوگ ہر زبان بولنے والوں میں غم و غصہ پایا جاتا ہے نفرت، تعصب اور احساس محرومی ختم کرنا سیکورٹی فورسز اور حکمرانوں کا فرض ہے جماعت اسلامی سب کو متحد کر کے حقوق کا دفاع کرے گی بلوچستان کے عوام میں حکمرانوں سیکورٹی اداروں کے خلاف بہت زیادہ غم و غصہ اور نفرت پایا جاتا ہے مقتدر قوتیں سیکورٹی ادارے اور حکمران غم و غصہ اور نفرت میں کمی کی بجائے ایسے عوام دشمن اقدامات کر رہے ہیں جس سے نفرت بڑھتی اور غم و غصہ میں مزید اضافہ ہو رہا ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 22 FEB 2025 Page No. 20


## ڈھاڈر، دو روز قبل لاپتہ پولیس ملازم کی لاش برآمد

**نامعلوم افراد خادم حسین کو اغوا کے بعد قتل کر کے لاش ویرانے میں پھینک کر فرار ہو گئے تھے**

ڈھاڈر (آن لائن) ڈھاڈر کے علاقے سے دو روز قبل لاپتہ ہونے والے پولیس کے ملازم خادم حسین کی لاش برآمد کر لی گئی تفصیلات کے مطابق دو روز قبل ایس پی آفس کچھی کا ملازم خادم حسین گھر سے نکلنے کے بعد پراسرار طور پر لاپتہ ہو گیا تھا گزشتہ روز ان کی لاش نغاری الہ یار شاہ روڈ کے نزدیک سے ملی اطلاع ملنے پر پولیس اور مقتول کے ورثاء نے موقع پر پہنچ ......

بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

کر لاش تحویل میں لے کر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ڈھاڈر پہنچادی ڈاکٹر کے مطابق مقتول کو سر پر گولیاں مار کر قتل کیا گیا ہے شبہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ نامعلوم افراد نے خادم حسین کو اغواء کے بعد قتل کر کے نعش ویران علاقے میں پھینک کر فرار ہو گئے تھے نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی ڈھاڈر پولیس نے نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کر دی ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## حب پولیس کی کارروائیاں، مفرور ملزم گرفتار، مسروقہ کار بھی برآمد

حب (نمائندہ انتخاب) ایس ایچ او تھانہ HITE نے مفرور ملزم محمد قاسم مری کو گرفتار کر لیا، جو کہ مقدمہ نمبر 19/2025 میں مطلوب تھا ایس ایچ او حب سٹی پولیس اسٹیشن نے بیروت علاقے سے چوری شدہ ٹویوٹا کرولا کو کامیابی سے برآمد کر لیا۔

## وندر پولیس کی کارروائی، 3 ملزمان گرفتار مسروقہ موٹر سائیکل و منشیات برآمد

سونمیانی وندر (نمائندہ انتخاب) وندر پولیس کی کارروائی، 3 ملزمان گرفتار موٹر سائیکل چوروں سمیت منشیات فروش گرفتار مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او پولیس تھانہ وندر نعیم خان خلجی نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے چوری شدہ ہنڈا 125 سی سی موٹر سائیکل برآمد کر لی ملزمان موٹر سائیکل کو کراچی حب سے لے کر خضدار کے راستے سندھ منتقل کر رہے تھے۔ ملزمان ذیشان احمد ولد

بقیہ نمبر 23 صفحہ 5 پر

عبدالحفیظ قوم چانڈیہ سندھی سکنہ خیر پور سندھ اور مولا بخش ولد عبدالغفور کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ جبکہ دوسری کارروائی میں وندر پولیس نے منشیات فروش صدام ولد ذمرور خان قوم اعوان کو گرفتار کر لیا جس کے قبضے سے 200 گرام پختہ چرس برآمد کر لی ملزم کا تعلق اٹک سے ہے اور اس وقت وندر میں مقیم تھا کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 22 FEB 2025

Page No. 21

# کواری روڈ، زمان اسٹریٹ، اسٹیورٹ روڈ و ملحقہ علاقوں میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے معمولات زندگی متاثر

## گھنٹوں کی بجلی کی بندش معمول بن گیا، باقاعدگی سے بلز کی ادائیگی کے باوجود بجلی سے محروم رہتے ہیں، حکام نوٹس لیں، مکین

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کواری روڈ و ملحقہ علاقوں میں بجلی کی طویل و غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ نے مکینوں کا جینا دوبھر کر دیا ہے دن بھر بجلی کی لوڈ شیڈنگ وقفہ وقفہ سے جاری رہتی ہے، اہل علاقہ باقاعدگی سے بجلی کے بل جمع کروانے کے باوجود دن بھر بجلی سے محروم رہتے ہیں۔ کیسکو حکام کی بے حسی اور غیر ذمہ داری نے مکینوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا۔ کاروباری برادری کو بھی شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اہل علاقہ محمد ابراہیم، محمد اسماعیل، ذوہیب احمد، عبدالقدیر جدون، محمد حسنین و دیگر نے کہا ہے کہ کواری روڈ جان محمد روڈ، زمان روڈ کوچہ شیر محمد اسٹیورٹ روڈ و گرد و نواح میں دن بھر بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ سردی کے موسم میں بھی ہفتہ میں دو سے تین بار مرمت کے کام کا بہانہ بنا کر دن بھر بجلی کی فراہم معطل کر دی جاتی ہے تو کبھی اطلاع دیئے بغیر بھی گھنٹوں بجلی غائب رہتی ہے۔ اکثر صبح 10 بجے کے قریب بجلی بند کر دی جاتی ہے کبھی چار بجے تو کبھی تین بجے بجلی بحال کی جاتی ہے معمول کی لوڈ شیڈنگ اس کے علاوہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کے بھاری بھرکم بل ہر ماہ باقاعدگی کیساتھ ادا کرنے کے باوجود بجلی سے محروم ہے جو کہ سراسر ظلم کے مترادف ہے۔ بلوں کی وصولی کے باوجود بجلی کی عدم فراہم نا انصافی ہے۔ بجلی کی بندش کے باعث گھروں میں خواتین کو امور خانہ داری میں بھی شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ تو دوسری جانب کیسکو کے غیر ذمہ دارانہ رویہ نے کاروباری برادری کو بھی شدید ذہنی اذیت میں مبتلا کر رکھا ہے دن بھر میں گھنٹوں بجلی کی بندش نہایت افسوسناک اور کیسکو حکام کی ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ابھی تو گرمی کا موسم شروع ہی نہیں ہوا تو دن بھر بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے موسم گرما میں تو کیسکو حکام کی جانب سے عوام کو بالکل ہی بجلی فراہم کرنے کا ارادہ نہیں لگتا۔ انہوں نے علاقہ ایم پی اے زرک خان مندوخیل، کیسکو سی ای او و دیگر اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ علاقہ میں دن بھر وقفہ وقفہ سے بجلی کی بندش کا نوٹس لیا جائے اور بلوں کی وصولی کی طرح بجلی کی باقاعدہ فراہمی کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں تاکہ اہل علاقہ کی مشکلات میں کمی آسکے۔

# کوئٹہ سے چلنے والی مسافر ٹرینوں میں سہولیات کا فقدان

**واش روم میں پانی تک نہیں**

## بڑے ریلوے اسٹیشنز بھی ویرانے میں تبدیل، واٹر پلانٹس بند، مسافروں کی تعداد میں اضافے کے باوجود سہولیات فراہم نہ کرنا سمجھ سے بالاتر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ ڈویژن کے بڑے ریلوے اسٹیشنز اور ٹرینوں میں سہولیات کے فقدان کے باعث مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ جعفر ایکسپریس کی بزنس کلاس سے لاہور تک سفر کرنیوالے رابرٹ جیمس نے ٹیلیفون پر بتایا کہ ٹرین کے باتھ روم میں پانی تک دستیاب نہیں تھا جب سبی ٹرین پہنچی تو امید تھی کہ اب ٹرین میں پانی بھرا جائیگا لیکن سبی ریلوے اسٹیشن کی انتظامیہ نے موقف اختیار کیا کہ پانی نہیں ہے جس کے بعد ٹرین کو بغیر پانی بھرے روانہ کر دیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ کوئٹہ سبی سمیت دیگر تمام بڑے سٹیشنز میں آبنوشی تک کی سہولت میسر نہیں۔ لوگ مہنگے داموں پانی خرید کر استعمال کرتے رہے۔ رابرٹ جیمس نے مزید بتایا کہ ٹرینوں میں سہولیات کا فقدان، آئے روز روانگی اور آمد میں گھنٹوں تاخیر اور چلتی ریل گاڑی کا اچانک پٹڑی سے اتر کر حادثے کا شکار ہونے کے باوجود ہزاروں نہیں لاکھوں کروڑوں لوگ آج بھی ٹرین سے ہی سفر کو ترجیح دیتے ہیں، کیونکہ جو بھی ہے ٹرین سے سفر کا اپنا ہی مزہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان ریلوے سے سفر کرنے والوں کی تعداد میں اچانک کبھی اضافہ ہو جاتا ہے تو کبھی انتہائی کمی مگر ریلوے سے سفر کرنے والے آج بھی زیادہ ہو رہے ہیں۔ لیکن اس کے باوجود ریلوے انتظامیہ کی مسافروں کو سہولیات کی فراہمی میں عدم دلچسپی سے ظاہر ہوتا ہے کہ محکمہ کو دانستہ طور پر تباہ کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے وزیراعظم میاں شہباز شریف وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور کوئٹہ ڈویژن کی ریلوے انتظامیہ سے سہولیات کی عدم فراہمی کا نوٹس لیکر ذمہ داروں کیخلاف کارروائی کا مطالبہ کیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 22 FEB 2025 Page No. 22

# قانون سب کے لیے برابر ہے، کوئٹہ شہر ہم سب کا گھر ہے

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ قانون سب کے لیے برابر ہے، کوئٹہ شہر ہم سب کا گھر اور پورے صوبے کا چہرہ ہے جس کی خوبصورتی کے لئے ہر فرد نے اپنا کردار ادا کرنا ہے، وال چاکنگ سے شہر کی خوبصورتی خراب ہوتی ہے، اس لئے جو بھی وال چاکنگ میں ملوث ہو بلا امتیاز کارروائی کی جائے، مجھے آج دلی خوشی ہوئی کہ میرا قافلہ بھی سرخ سگنل پر روکا گیا جو اس بات کا مظہر ہے کہ قانون سب کے لیے برابر ہے میر سرفراز بگٹی نے اسکب روڈ توسیع منصوبے کی تکمیل پر پروجیکٹ ڈائریکٹر اور ان کی پوری ٹیم کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ ترقیاتی منصوبے عوامی فلاح و بہبود کے لیے انتہائی اہم ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ائیر پورٹ روڈ کو بین الاقوامی معیار کے مطابق بنائیں گے اور یہ منصوبہ آغاز کے بعد دو ماہ میں مکمل ہوگا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان نے سریاب روڈ پر ریڈیو پاکستان کی اراضی بلوچستان حکومت کو پارک کی تعمیر کے لئے دینے کی حامی بھر لی ہے اس 24 ایکڑ اراضی پر بغیر کنکریٹ کا نیچرل پارک بنانے کا منصوبہ بنائیں گے جسے وزیر اعظم پارک کا نام [illegible] شہر کی خوبصورتی کے حوالے سے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہری دیواروں پر [illegible] سیاسی جماعت یا ادارے کا نام لکھنے پر منتظمین کے خلاف ایف آئی آر درج کی جائے گی انہوں نے انتظامی افسران کو حکم دیا کہ دیواروں پر وال چاکنگ کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے اگر دیواروں پر پیپلز پارٹی کا نام لکھا ہو تو بھلے میرے خلاف بھی ایف آئی آر درج کی جائے ٹریفک قوانین کے حوالے سے انہوں نے واضح کیا کہ کسی کو خلاف ضابطہ اقدام کی اجازت نہیں دی جائے گی جو بھی ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرے گا اس کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی انہوں نے ایس ایس پی ٹریفک کو ہدایت کی کہ وہ اس معاملے میں سختی سے عمل کریں اور کوئی کتنا بھی بااثر کیوں نہ ہو اس کے خلاف لازمی کارروائی کریں تقریب میں وزیر اعلیٰ نے میرٹ کی پابندی اور شفافیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ میرٹ کی پامالی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ "صاف کوئٹہ" کے نام سے ایک صفائی مہم جاری ہے جس کا مقصد کوئٹہ کو ایک بین الاقوامی معیار کا صاف ستھرا شہر بنانا ہے تقریب میں کوئٹہ ڈیولپمنٹ پروجیکٹ کے ڈائریکٹر رفیق بلوچ نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ یہ منصوبہ کوئٹہ شہر کی بنیادی ڈھانچے میں ایک نمایاں بہتری ثابت ہوگا اور عوام کو بین الاقوامی معیار کی سہولیات فراہم کرنے میں مدد دے گا منصوبے کے تحت کوئٹہ شہر کے مین سیکشنز کو اپ گریڈ کیا جا رہا ہے جہاں سے زیادہ ٹریفک گزرتا ہے انہوں نے بتایا کہ ہم نے نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (نسٹ) کے ماہر انجینئرز سے جدید ترین نقشے بنوائے ہیں جس میں سڑکوں کی بہتری کے ساتھ ساتھ نکاسی آب کا موثر نظام بھی شامل ہے پروجیکٹ ڈائریکٹر نے یقین دلایا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر عمل درآمد کرتے ہوئے جاری منصوبوں کی تکمیل کے لیے کام کی رفتار تیز کر دی گئی ہے۔ اجلاس میں ڈیجیٹل لینڈ سیٹلمنٹ کی منظوری دی گئی جس کے تحت زمین کے تمام ریکارڈ کو کمپیوٹرائزڈ کیا جائے گا تاکہ شفافیت اور آسان رسائی کو یقینی بنایا جا سکے کابینہ نے کچھی کینال سے حاصل ہونے والی زرعی پیداوار پر زمینداروں کو صوبائی ٹیکس میں ریلیف دینے پر اتفاق کیا تاکہ کسانوں کو سہولت فراہم کی جا سکے اور زرعی شعبے میں بہتری آئے، کابینہ نے بلوچستان واٹر ریسورسز مینجمنٹ بل منظور کر لیا جس کے تحت آبی وسائل کے درست اور مؤثر استعمال کو یقینی بنایا جائے گا اس کے ساتھ ساتھ زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی کے لیے مؤثر قانون نافذ کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا اجلاس میں ماہی گیری اور آبی زراعت کے لیے نئی پالیسی کی منظوری دے دی گئی جو ماہی گیری کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں مددگار ثابت ہوگی، اجلاس میں بلوچستان ڈسپوزل آف موٹر وہیکلز رولز 2025 کی بھی منظوری دی گئی جس سے گاڑیوں کی خرید و فروخت اور رجسٹریشن کے معاملات کو مزید شفاف بنایا جا سکے گا کابینہ نے سیلاب سے متاثرہ کیڈٹ کالج جعفر آباد کی بحالی کے لیے اضافی گرانٹ جاری کرنے کا فیصلہ کیا جبکہ تعلیمی ترقی کے لیے دستیاب انفراسٹرکچر کے بہتر استعمال کو یقینی بنانے کا فیصلہ بھی کیا گیا تاکہ طلبہ کو جدید تعلیمی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 6

Dated: 22 FEB 2025 Page No. 2-3


## بلوچستان: لینڈ ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ کرنیکا فیصلہ

بلوچستان کابینہ نے صوبے میں ڈیجیٹل لینڈ سیٹلمنٹ کی منظوری دی ہے جس سے صوبے میں زمین کا ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ ہو گا۔ زمینوں کے ریکارڈ میں عدم شفافیت بہت سے مسائل کو جنم دیتی ہے یہی وجہ ہے کہ ماضی میں پٹواری کو اپنے علاقے کے سیاہ سفید کا مالک مانا جاتا تھا۔ پٹواری کے بے پناہ اختیارات کی وجہ سے نا صرف کرپشن کو بڑھوتری مل رہی تھی بلکہ غریب اور کمزور طبقات کے اپنی جائیداوں سے محروم ہو جانے کی شکایات بھی معمول بن چکی تھیں۔ پنجاب حکومت کو یہ کریڈٹ بہرحال جاتا ہے کہ پنجاب نے سب سے پہلے رہائشی اور زرعی زمینوں کا ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ کرنے کا بیڑا اٹھایا۔ پھر کے پی کے میں یہ عمل شروع ہوا تو سندھ میں بھی زمینوں کا ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ کرنے کا عمل تاخیر کا شکار ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سندھ میں سرکاری زمینوں پر قبضے اور ہیر پھیر کی شرح پنجاب اور کے پی کے سے زیادہ ہے۔ اب بلوچستان کابینہ نے بھی صوبے کی زمینوں کا ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ کرنے کی منظوری دی ہے جو دیر آید درست آید کے مصداق شفافیت کی جانب اہم قدم ہے۔ صوبے کا لینڈ ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ ہونے سے نا صرف سرکاری اراضی پر قبضوں کا سلسلہ کم ہو گا بلکہ خاندانی وراثت کی تقسیم میں شفافیت اور جھگڑوں میں بھی کمی آئے گی۔ سب سے بڑھ کر عام آدمی کو پٹواری کی لوٹ مار سے نجات مل سکے گی۔ بلوچستان حکومت جتنی جلدی ممکن ہو صوبے کا لینڈ ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ کرے تاکہ شفافیت کے ساتھ کرپشن کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔

CamScanner

# گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا مادری زبانوں کے عالمی دن کے موقع پر پیغام

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے مادری زبانوں کے عالمی دن کی سلور جوبلی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ قوم کی شناخت، علم وفکر کی وسعت، اور دیرپا ترقی کو یقینی بنانے میں مادری زبانوں کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مادری زبانوں کا عالمی دن 21 فروری اس بات پر زور دیتا ہے کہ ماؤں کی غیر مشروط محبت کی بدولت مادری زبان کی قانونی حیثیت ابدی ہے۔

گورنر بلوچستان نے کہا کہ اقوام متحدہ کا چارٹر اور پاکستان کے 1973 کے آئین مادری زبانوں کے تحفظ اور ترقی و ترویج کی ضمانت دیتے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ متنوع زبانوں اور تہذیبوں کے درمیان ہم آہنگی اور اتحاد کو فروغ دینے کے لیے مادری زبانوں میں فکری اور ادبی کاموں کو فروغ دینا ضروری ہے۔

مادری زبانوں کا عالمی دن 2025 منانے کا مقصد انسانوں کے درمیان رواداری اور قومی ترقی میں زبانوں کے اہم کردار کو اجاگر کرنا ہے۔ گورنر نے کہا کہ مادری زبانیں نہ صرف اظہار کا ذریعہ ہیں بلکہ باہمی رابطے کا ایک طاقتور وسیلہ بھی ہیں، جو تہذیبی ورثے کو ایک نسل سے دوسری نسل تک منتقل کرتی ہیں۔

انہوں نے کہا کہ مادری زبانوں کے تحفظ اور ترقی و ترویج کے لیے دانشوروں، ادیبوں، شاعروں، اور خاص طور پر پالیسی سازوں کی رہنمائی اور معاونت کی اشد ضرورت ہے۔ گورنر نے زور دیا کہ مادری زبانوں کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے ہم ایک زیادہ جامع اور متنوع دنیا کی طرف کام کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا تنوع ہی ہماری طاقت ہے۔

گورنر جعفر خان مندوخیل کے اس پیغام سے ظاہر ہوتا ہے کہ بلوچستان حکومت مادری زبانوں کے تحفظ اور فروغ کے لیے پرعزم ہے۔ ان کی قیادت میں مادری زبانوں کی اہمیت کو اجاگر کرنے اور انہیں نئی نسل تک منتقل کرنے کے لیے عملی اقدامات کی جانب پیش رفت ہو رہی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUET

Bullet No. 6

Dated: 22 FEB 2025 Page No. 26

## ”جنوبی بلوچستان کی تاریخی اہمیت“

جنوبی بلوچستان غیر معمولی تاریخی اہمیت کا حامل پاکستان کا ایک اہم علاقہ ہے، جو اپنی جغرافیائی حیثیت، وسیع رقبے، مواصلاتی ڈھانچے، ثقافت، سنگلاخ پہاڑوں، ریتیلے صحراؤں، میدانی اور ساحلی علاقوں کی وجہ سے ایک نمایاں اور منفرد مقام رکھتا ہے۔ جنوبی بلوچستان رخشان اور مکران جیسے تاریخی ڈویژن اور ان کے پانچ اہم اضلاع جن میں چاغی، خاران، واشک، پنجگور اور کیچ نمایاں ہیں پر مشتمل ہے۔ ان اضلاع کا مجموعی رقبہ 124,885 مربع کلومیٹر پر محیط ہے، جو پاکستان کے کل رقبے کا 16 فیصد اور بلوچستان کے کل رقبے کا 36 فیصد بنتا ہے۔ آبادی کے لحاظ سے جنوبی بلوچستان کی کل آبادی 2.4 ملین ہے، جو بلوچستان کی مجموعی آبادی کا تقریباً 12 فیصد بنتی ہے۔ جنوبی بلوچستان کی افغانستان کے ساتھ 509 کلومیٹر جبکہ ایران کے ساتھ 829 کلومیٹر سرحد یں ملتی ہیں جو اس کی دفاعی اور اقتصادی اہمیت کو مزید بڑھا دیتی ہیں۔ جنوبی بلوچستان کے ڈویژن مکران کا شمار قدیم تاریخوں میں ہوتا ہے، مکران کے قدیم خشکی کے راستے کسی نعمت سے کم نہیں۔ تاریخ کی ایک روایت کے مطابق حضرت داود علیہ السلام کے زمانے میں جب قحط پڑا تو وادی سینا سے بہت سے افراد کوچ کر کے وادی مکران کے علاقے میں آگئے۔ 325 قبل از مسیح میں سکندر اعظم جب برصغیر سے واپس یونان جا رہا تھا تو اس نے یہ علاقہ اتفاقاً دریافت کیا اہم سمندری راستے پر واقع ہونے کی وجہ سے سکندر اعظم نے اس علاقے کو فتح کر کے اپنے ایک جنرل SeleukosNikator کو یہاں کا حکمران بنا دیا جو 303 قبل مسیح تک حکومت کرتا رہا۔ 711 محمد بن قاسم جیسے عظیم فاتح نے اس کو فتح کیا اور ہمیشہ کے لیے اسلام کا پرچم بلند کیا، معروف مورخ مولانا اسحاق بھٹی اپنی کتاب ”برصغیر میں اسلام کے اولین نقوش“ میں رقمطراز ہیں کہ ”حضرت عمر فاروق کے دور میں بعض صحابہ کرام کرمان اور مکران کے علاقوں میں تشریف لائے، وہاں جنگیں لڑیں اور اس نواح کے بہت سے حصوں کو فتح کیا۔ مکران کی اہمیت کی دوسری اہم وجہ نواب



افکارِ زاہدی

نسیم الحق زاہدی

آف مکران، نواب بائی خان گچکی کی بانی پاکستان سے والہانہ محبت تھی۔ تقسیم ہند کے وقت نواب آف مکران نے انگریز حکومت کی طرف سے آزاد رہنے کی پیش کش کو ٹھوکر مار دی اور قائداعظم محمد علی جناح کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے پاکستان کے ساتھ الحاق کیا۔ تحریک آزادی پاکستان میں نواب آف مکران اور یہاں کے لوگوں کا کردار قابل تعریف ہے۔ واضح رہے کہ یہ علاقے اس دور میں سندھ میں واقع تھے، بلوچستان کے بہت سے علاقوں کو صحابہ کرامؓ کی قدم بوسی کا شرف حاصل ہے۔“ اس حوالے سے جنوبی بلوچستان کا ضلع پنجگور ہمیشہ سے عقیدت واحترام کا مرکز سمجھا جاتا ہے، تاریخی روایات کے مطابق یہاں پانچ صحابہ کرامؓ کی قبریں موجود ہیں جو یہاں مدفون ہیں اسی نسبت سے اس شہر کو پنجگور کا نام دیا گیا۔ پنجگور میں ان کے علاوہ تفریحی مقامات اور وسیع وعریض کھجور کے باغات اس شہر کی اہمیت اور دلچسپی میں اضافے کا باعث بنتے ہیں۔ یہاں کے باغات میں پیدا ہونے والی کھجوریں اعلیٰ درجے اور ذائقے میں اپنا ثانی نہیں رکھتی۔ جنوبی بلوچستان کے ضلع چاغی کے بلند وبالا پہاڑوں نے 28 مئی 1998 کو عالم کفر پر اپنی وہ ہیبت طاری کی کہ جس کا لرزا آج تک دشمن پر طاری ہے۔ جنوبی بلوچستان میں ضلع کیچ کو قدیم تہذیب اور ثقافت کی امین سمجھا جاتا ہے، کیچ کے شہر تربت میں قدیم تاریخ، تہذیب وتمدن کے ہزاروں سال قبل کے ثقافتی ورثے پائے جاتے ہیں جن کا کھوج لگانا ابھی بھی باقی ہے۔ یہ شہر بلوچی ادب اور لوک داستانوں میں ایک خاص مقام رکھتا ہے رومانوی داستان سسی پنوں کا ہیرو پنوں کا قلعہ آج بھی تربت میں دیکھا جاسکتا ہے۔ جنوبی بلوچستان کا ضلع خاران (قلعوں کا شہر) جغرافیائی طور پر ایک صحرائی اور ریتیلے علاقوں پر مشتمل علاقہ ہے، خاران اپنی سیاحتی، تہذیبی، ثقافتی، تاریخی اور جغرافیائی اہمیت کی وجہ سے شہرت کا حامل ہے۔ خصوصاً تہذیبی وتاریخی حوالے سے یہ [illegible] جداگانہ اور منفرد حیثیت رکھتا [illegible] تاریخ اور پائے جانے والے [illegible] قدیم بلوچستان کی تہذیبی، تاریخی، ارتقائی معاشرتی سفر میں نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ جنوبی بلوچستان کا ڈویژن مکران کے حالات قیام پاکستان سے لے کر 2005ء تک پرامن تھے، مکران امن ومحبت کا گہوارا کہلاتا تھا مگر جب سے یہاں کوسٹل ہائی وے بنا اور سی پیک جیسے منصوبوں کا آغاز ہوا ہے ملک دشمنوں کی سازشوں کا ہو گیا، نئی نسل کے سامنے تاریخی حقائق کو مسخ کر کے پیش کیا گیا۔ بلوچ عوام کے سامنے بلوچستان میں محرومیوں اور وسائل کی کمی کا جھوٹا پراپیگنڈا کر کے انہیں ریاست کے خلاف گمراہ کیا گیا۔ جبکہ حقیقت اس کے بالکل برعکس ہے، بلوچستان میں ترقیاتی کام، سڑکوں کا جال دیکھیں وہاں تعلیم اور صحت کے لیے سہولیات پر نظر ڈالیں تو آپ کو بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کے دشمنوں کے بیانیے میں جھوٹ صاف نظر آئے گا۔ تربت پنجگور مستقبل قریب کا کاروباری اور تدریسی حب بنتے جا رہا ہے۔

مکران کوسٹل ہائی وے، جس کی لمبائی 653 کلومیٹر ہے، گوادر کو کراچی سے پسنی، اورماڑہ اور لسبیلہ کے ذریعے ملاتی ہے اور بحیرہ عرب سے ایران اور وسطی ایشیا تک رسائی فراہم کرتی ہے، اس کا شمار نہ صرف پاکستان کی خوبصورت شاہراہوں میں ہوتا ہے بلکہ علاقہ کی ترقی میں اس کا کلیدی کردار ہے۔ اس کے علاوہ بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے والا M-8 موٹر وے (گوادر، رتو ڈیرو) 892 کلومیٹر موٹروے ہے، جو گوادر کو صوبہ سندھ سے سکھر تک تربت، ہوشاپ، آواران اور خضدار کے راستے کو ملاتی ہے۔ اس کا ہوشاپ سے پنجگور، بسیمہ اور سوراب تک کا سیکشن، جو سی پیک روٹ کا حصہ ہے، مکمل ہو چکا ہے اور 146 کلومیٹر ہوشاپ، آواران سیکشن پر کام جاری ہے۔ مکران ڈویژن میں پاکستان کی بہترین یونیورسٹیاں موجود ہیں، جن میں مکران یونیورسٹی آف تربت، پنجگور یونیورسٹی آف گوادر، یونیورسٹی آف تربت، انجینئرنگ یونیورسٹی خضدار سب کیمپس، لاء کالج اور مکران میڈیکل کالج کے علاوہ کیڈٹ کالج اورماڑہ، کیڈٹ کالج خاران، کیڈٹ کالج پنجگور اور بلوچستان کا پہلا گرلز کیڈٹ کالج تربت شامل ہے۔ جو بلوچ طلبہ وطالبات کو بہترین تعلیمی وفنی سہولیات فراہم کر رہے ہیں۔ جنوبی بلوچستان میں ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) سرحدوں کی حفاظت سے لے کر عوام کی خدمت تک کلیدی کردار ادا کر رہی ہے۔ اس وقت ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) 10 اسکولز، کالجز اور فری ایجوکیشن انسٹیٹیوٹ اور ہاسٹلز چلا رہی ہے، جن میں تقریباً 4500 سے زائد بچے اور بچیاں تعلیم حاصل کر رہی ہیں، جبکہ 12 طلبہ کو پاکستان کے دیگر صوبوں میں اسکالرشپس فراہم کی جا رہی ہے ضلع خاران میں خصوصی بچوں کے لیے بلوچستان کا پہلا اسکول قائم کیا گیا ہے، جہاں 53 بصارت، سماعت اور ذہنی وجسمانی معذوری کے شکار بچے زیر تعلیم ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 22 FEB 2025

Page No. 27

# Dealing with unemployment

Provision of employment is the responsibility of the state. Provision of employment to citizens is only possible when the government has plenty of resources to hire a workforce. Since Balochistan lacks industries and a vibrant market, therefore the unemployment ratio in the province is very high as compared to other provinces of the country. Due to lack of industries and other business activities, the people prefer to secure government jobs. And it is not possible for any government to provide jobs to provide government jobs to every citizen. A large portion of the population of Balochistan is directly or indirectly associated with Agriculture to make both hands meet. Unfortunately, this sector is underdeveloped and facing difficulties such as drought and water scarcity.

On the other hand, the droughts and untimely rains have inflicted huge financial losses to people associated with the agriculture sector. Therefore, the unemployment rate in Balochistan is increasing very fast and it is the duty of the government to tackle these issues seriously and prudently before it is too late. In every budget the government announces vacancies but the process of recruitment is quite slow, and the date of test and interviews cancel or alter that further multiplies the miseries of jobless youth. It is inevitable that the government must expedite the process of recruitment and advertise all posts lying vacant in different departments so that the unemployed ratio could be decreased.

Owing to inflation and high taxes the business of real estate is also very down due to which the daily wagers and people working in private sectors remained jobless.

A large number of small businessmen could not make recovery of damages caused by lockdown. The closure of borders with Iran and Afghanistan has also increased the rate of unemployment in the province.

To address the unemployment in Balochistan, the federal and provincial governments must take remedy measures to provide employment and a respectable earning to the youth. Despite being the epicenter of China Pakistan Economic Corridor and with only 1.5 percent of total population of the country unemployment, poverty and backwardness looming in the province. It is very unfortunate that despite being a mineral rich province and having a long coastal belt, the rulers did not make efforts to exploit the mineral resources for the welfare and development of the masses. It is hoped that the incumbent government will take long lasting measures to provide employment to the youth, revive the agriculture sector and encourage business activities in the province.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 22 FEB 2025 Page No. 28

# Polio Eradication in Balochistan

Polio remains a persistent public health challenge in Pakistan, with 74 cases reported nationwide in the past year, 27 of which were from Balochistan alone. This alarming statistic underscores the urgent need for innovative and effective strategies to combat the virus. The presence of poliovirus in environmental samples from various districts of Balochistan, despite ongoing vaccination efforts, highlights the gaps in immunity and the need for a more robust approach. The introduction of FIPV, which works in tandem with the Oral Polio Vaccine (OPV), is a scientifically backed strategy to address these gaps. Research has shown that FIPV provides an additional layer of protection, particularly for children who are malnourished or frequently ill, making it a critical tool in the fight against polio. The EOC Balochistan's decision to deploy 1,625 vaccination teams for this campaign reflects the scale and seriousness of the initiative. By targeting high-risk areas and ensuring that children receive both FIPV and OPV, the campaign aims to create a stronger immune response and reduce the circulation of the virus. The inclusion of security measures to protect vaccination teams is also a welcome step, as it ensures the safety of healthcare workers and the smooth execution of the campaign.

Success of this initiative hinges not only on the efforts of the government and healthcare workers but also on the cooperation of parents and communities. Misinformation and vaccine hesitancy remain significant barriers to polio eradication. Coordinator of the EOC Balochistan, Inam ul Haq, has rightly emphasized the importance of parental involvement, urging families to ensure their children receive the FIPV vaccine. The media, too, has a crucial role to play in dispelling myths and raising awareness about the importance of vaccination. A collective effort involving all stakeholders is essential to achieve the goal of a polio-free Balochistan. The fight against polio is

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6 Dated: 22 FEB 2025 Page No. 29

not just a public health issue; it is a moral imperative. Every child deserves the right to grow up free from the threat of preventable diseases. The EOC Balochistan's campaign is a testament to the province's commitment to this cause. However, sustained efforts, community engagement, and continued investment in healthcare infrastructure are necessary to build on this progress and ensure that polio is eradicated once and for all.

FIPV campaign in Balochistan is a timely and vital initiative that addresses the gaps in polio eradication efforts. By combining scientific innovation with community engagement, this campaign has the potential to significantly reduce the incidence of polio in the province. It is now up to all of us-parents, healthcare workers, media, and policymakers to support this effort and work together towards a healthier, polio-free future for the children of Balochistan and Pakistan. The Emergency Operation Center (EOC) in Balochistan has taken a commendable step towards eradicating polio from the province by launching a special vaccination campaign in high-risk districts. This initiative, which began on February 20, 2025, aims to administer Fractional Inactivated Polio Vaccine (FIPV) alongside oral polio drops to children in 78 high-risk union councils of Quetta, Chaman, Pishin, and Killa Abdullah. The campaign targets over 400,000 children aged 4 to 59 months, with the dual objective of boosting immunity and eliminating the poliovirus from the region. This effort is a significant stride in the fight against polio, a disease that continues to threaten the health and future of children in Pakistan, particularly in Balochistan.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.______ Dated: 22 FEB 2025 Page No.______



کوئٹہ: صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران سے مختلف وفود ملاقات کررہے ہیں



کوئٹہ: صوبائی وزیر شعیب نوشیروانی اور امیر حمزہ زہری مشترکہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



حب: صوبائی وزیر علی حسن زہری سے عمائدین اور کارکنوں کا وفد ملاقات کررہا ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No.______ Dated: 22 FEB 2025 Page No.______



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کررہے ہیں